صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

صوبائی اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 20 جون 2007 بمطابق 4 جمادی الثانی 1428 ہجری صبح دس بجکر پانچ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہاں خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہ

يُرِيدُ ٱللَّهُ أَن يُخَفِّفَ عَنكُمْ ۚ وَخُلِقَ ٱلْإِنسَـٰنُ ضَعِيفًا o يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَأْكُلُوٓا۟ أَمْوَٰلَكُم بَيْنَكُم بِٱلْبَـٰطِلِ إِلَّآ أَن تَكُونَ تِجَـٰرَةً عَن تَرَاضٍ مِّنكُمْ ۚ وَلَا تَقْتُلُوٓا۟ أَنفُسَكُمْ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا o

(ترجمہ) خدا چاہتا ہے کہ تم پر سے بوجھ ہلکا کرے اور انسان (طبعاً) کمزور پیدا ہوا ہے مومنو! ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤہاں اگر آپس کی رضامندی سے تجارت کا لین دین ہو (اور اس سے مالی فائدہ حاصل ہو جائے تو وہ جائز ہے) اور اپنے آپ کو ہلاک نہ کرو کچھ شک نہیں کہ خدا تم پر مہربان ہے

جناب حبیب الرحمان: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب سپیکر: حبیب الرحمان خان۔

رسمی کارروائی

(سیدو میڈیکل کالج کا پشاور یونیورسٹی کے ساتھ الحاق)

جناب حبیب الرحمان: دا جی د سیدو میډیکل کالج سټوډنټان راغلی دی او په احتجاج باندے دی او هغوی ددے ملاکنډ یونیورسټۍ سره Affiliated دی اګرچه په Prospectus کښ ئے مخکښ لیکلی وو چه د پشاور یونیورسټۍ سره به ددے الحاق وی، ګومل میډیکل کالج ئے هم د پشاورسره Affiliate کړے دے او هزاره چه یوه لویه د سټینډرډ یونیورسټی ده خو د ایوب میډیکل کالج هم د پشاور سره الحاق شوے دے۔ په صوبه کښ صرف سیدو میډیکل کالج پاتے شوے دے نو دا یو امتیازی سلوک دے ځکه چه ملاکنډ یونیورسټی زمونږ یونیورسټی ده، اللّٰه تعالیٰ به ورله ترقی ورکړی یو سټینډرډ ته به اورسی خوموجوده وخت کښ پشاور یونیورسټی Recognized University ده۔ زمونږ سټوډنټانو ته په دے کښ لوئے تکلیف دے۔ زمونږ دا درخواست دے ددے ایوان په وساطت تاسو ته چه تاسو ددوئ دا خبره اجا ګر کړئ او لکه چه ددے Affiliation د پشاور یونیورسټۍ سره اوشی۔ اوس Recently ګورنر د ایوب میډیکل کالج هم د پشاور یونیورسټۍ سره Affiliation کړے دے اګر چه هغه مخکښ د هزارے یونیورسټۍ سره وو۔ دا جی زما معروضات دی چه په دغه باندے راشی۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر سلیم صاحب۔

ڈاکٹر محمد سلیم: محترم سپیکر صاحب! حبیب الرحمان خان چه کومے خبرے اوکړے، زه ددے مکمل حمایت کومه۔ دا د سیدو میډیکل کالج د طلباء یو

ښه مطالبه ده چه پشاور یونیورسټئ سره ددے Affiliation اوشی ولے چه مالاکنډ یونیورسټی خو لا اوس قائمه شوے ده، دا هلکان چه گریجویشن اوکړی او بهر ملکونو ته ځی نو هلته دغه یونیوسټئ لا Recognize نه دی نو ددے سټوډنټانو ته ډیر زیات تکلیف پرے پیدا کیږی۔ په دے وجه باندے زه د دے خبرے حمایت کوم چه څنګه د ایبټ آباد میډیکل کالج او داسے د نورو میډیکل کالجونو د پشاور یونیورسټئ سره Affiliation شوے دے، دغسے د سیدو میډیکل کالج Affiliation د هم د پیښور یو نیورسټئ سره اوشی۔ ډیره شکریه۔

جناب سپیکر: حسین احمد کانجو صاحب۔

جناب حسین احمد کانجو (وزیر سائنس وانفارمیشن ٹیکنالوجی): زمونږ ورسره هم جی اتفاق دے خو دا کار چونکه د گورنر صاحب دے، اختیار د هغه سره دے نو مونږ خو ئے د څه قرارداد په شکل کښې لیږلے شو او نوره خبره خو حقه ده او جائز ده چه د گومل میډیکل کالج Affiliation شوے دے، گورنر صاحب کړے دے او هزاره نیورسټی ده خو ایوب میډیکل کالج ئے د هزارے (یونیورسټئ) نه راړولے دے پشاور (یونورسټئ) ته نو دا سیدو میډیکل کالج د هم د پشاور (یونورسټئ) سره Affiliate شی خو کار د گورنر صاحب دے۔ مونږه قرارداد ورکولے شو یا هر څه طریقه چه کیدے شی قانونی۔

محترمہ شگفتہ ناز: سپیکر صاحب! یہ جو مسئلہ ہے سیدو میڈیکل کالج کا، پہلے بھی کئی دفعہ اٹھایا گیا ہے۔ ہم اسکے ساتھ مکمل اتفاق کرتے ہیں اوران کا جو مسئلہ ہے، اس کو پشاور یونیورسٹی سے Affiliate کیا جائے۔ اس بارے میں ہماری پہلے بھی قرارداد جا چکی ہے اور کئی دفعہ Call Attention Notices بھی اس سلسلے میں ہم نے پیش کئے ہیں تو ہمارا گورنر صاحب سے مطالبہ ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: مولانا فضل علی صاحب۔

مولانا فضل علی (وزیر تعلیم): بسم اللہ الر حمن الر حیم۔ شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ دا ډیره اهمه مسئله ده چه کومه حبیب الر حمان صاحب او ډاکټر سلیم صاحب او محترمے اووئے جی خو ګورنر صاحب نن سبا نه دے موجود، چه څنګه راشی نو ږومبی فرصت کښې به زه ورسره انشاءاللہ ملاقات اوکړم او دا یقین دهانی ورکوؤ چه زمونږ به کوشش دا وی چه د دے Affiliation د پشاور یونیورسټۍ سره اوشی۔

جناب جاوید خان مومند: که ستاسو اجازت وی جی نو یو پوائنټ آف آرډر پیش کوم۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب جاوید خان مومند: زمونږه جی دا ورسک لفټ کینال او ګریوټی کینال یو سسټم روان دے جی د ډیر وخت نه خو په هغے کښې د بد قسمتئ نه د اوبو ډیر Shortage دے۔ په اوبو هره ورځ زمونږ د هغوی سره لانجه وی، هغه ګریوټی باندے مسئله وی په دے هم، نو لفټ کینال د پاره پمپ هاؤس کښې څه پرابلم راغلے دے، زمونږ وزیر ایریګیشن صاحب د دے څه غور اوکړی چه کم از کم، هغه خلقو ته ډیر لوئے شارټ روان دے څلوروا و-----

جناب سپیکر: نوټس ئے واغستو او انشاءاللہ چه کله ډیمانډز او دغه راځی نو دا په هغے کښې۔ جناب انور کمال خان صاحب، 'General discussion on Budget 2007-2008'۔

سالانہ بجٹ برائے مالی سال 08-2007 پر عام بحث

جناب انور کمال: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ (تالیاں) مہربانی، مہربانی۔

بسم اللہ الر حمن الر حیم۔ سپیکر صاحب! میں آپ کا ممنون ہوں، یہ الحمد للہ اس اسمبلی کا، موجودہ حکومت کا پانچواں بجٹ ہے اور میرے خیال میں اس Tenure کا یہ شاید آخری بجٹ ہوگا۔ اس دوران اس سے پہلے بھی ہم نے تقریباً کوئی چار بجٹ اس ہاؤس میں پیش کئے اور یہ آخری بجٹ ہے اس

Tenure کا۔ میں یہ نہیں کہتا ہوں، خدا کرے کہ ہمارے ساتھی جو ہیں، وہ اگلی دفعہ پھر ان ایوانوں میں آئیں، ہماری دعا ہے اور پھر بھی ہماری دعا ہے کہ الحمد للہ ان چار یا ساڑھے چار سالوں میں، چاہے حکومت کی طرف سے ہو، چاہے اپوزیشن کی طرف سے ہو لیکن خصوصاً میں اپوزیشن کے حوالے سے یہ بات کرونگا کہ جس بردباری سے ہم نے حکومت کا روز اول سے ایک ایسے ایشو پہ جو کہ ہم سمجھتے ہیں کہ وہ ہمارے صوبائی حقوق کے حوالے سے یا ہمارے صوبے کے فائدے یا اس کے مفاد میں ہو تو میرے خیال میں اس میں کوئی بھی یہ نہیں کہہ سکتا کہ اپوزیشن بلاتمیز، چاہے وہ جس پارٹی سے، جس طبقے سے تعلق رکھتے ہوں لیکن ہم نے وقتاً فوقتاً حکومت کا مختلف ایشوز پہ ساتھ دیا۔ جناب سپیکر! چونکہ شاہ راز خان جو کہ ہمارے وزیر خزانہ ہیں، نے ابتداء ہی اپنی بجٹ سپیچ میں 2003 کے شریعت بل سے کی اور میں اس چیز پہ فخر کرتا ہوں کہ تمام اپوزیشن، گو کہ اس وقت ان کے اپنے خیالات اور اپنے نظریات تھے لیکن جب حکومت نے شریعت کے حوالے سے ایک بل اس ہاؤس میں پیش کیا تو تمام ہاؤس اس چیز کا گواہ ہے کہ کسی فریق نے، کسی پارٹی نے، اپوزیشن کے کسی ممبر نے اس کی مخالفت نہیں کی اسلئے کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ گو کہ یہ آپ کا منشور تھا اور متحدہ مجلس عمل کو خصوصاً، یہ نہیں کہ ہم اسلام سے روگردانی کرتے ہیں، ہم آپ کا ساتھ دیتے ہیں اور ہم آپ کا ساتھ دیتے رہیں گے لیکن چونکہ متحدہ مجلس عمل کو ایک پاپولر ووٹ نفاذ شریعت کے حوالے سے ملا تھا تو ہم بھی اپنا یہ فرض سمجھتے تھے بحیثیت ایک مسلمان، بحیثیت اس صوبے کے رہنے والے، بحیثیت ایسے علاقے سے تعلق رکھنے والے اور ایسے صوبے سے تعلق رکھنے والے کے جہاں ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کے باقی علاقوں کی نسبت صوبہ سرحد کے لوگ زیادہ دیندار اور ان چیزوں سے زیادہ محبت رکھتے ہیں، لہذا تمام اسمبلی نے متفقہ طور پر شریعت بل کی حمایت کی اور اس کو Unanimously پاس کیا۔ جناب سپیکر! آپ انور کمال سے نہ پوچھیں، آپ ا، ب، ج سے نہ پوچھیں، آپ جائیں، پبلک میں جائیں اور لوگوں سے پوچھیں اسلئے کہ اعتراض کرنا تو بڑا آسان کام ہوتا ہے، آپ جب موازنہ کرتے ہیں تو یہی الفاظ دہراتے ہیں کہ پچھلے ساٹھ سالہ دور میں کسی نے بھی اس سے پہلے ایسے اقدامات نہیں کئے جو کہ اس حکومت نے کئے ہیں تو لوگوں کو ایک صاف اور واضح فرق محسوس ہونا چاہئے تھا کہ اس ساٹھ سالہ دور میں چاہے پاکستان پیپلز پارٹی کا جو دور گزرا ہو یا اس ساٹھ سالہ دور میں پاکستان مسلم لیگ نواز شریف کا

گزرا ہو یا اس ساٹھ سالہ دور میں حضرت مولانا مفتی محمود صاحب کا دور گزرا ہو، اس زمانے میں کبھی کسی نے شریعت کا نام نہیں لیا اور وہ وہ زمانہ تھا کہ جب تمام صوبے میں کرپشن اور لاقانونیت تھی، یہی ثابت کرنا چاہتے تھے کہ آج ہم نے ساٹھ سال کے بعد صوبے کو ایک ایسا نظام دیا جس نظام میں ایک عام آدمی یہ فرق محسوس کریگا کہ اس کی دہلیز پہ اسکو انصاف مہیا کیا جائے گا، ایک ایسا نظام وضع کیا جائے گا جس سے معاشی تقسیم اس طریقے سے کی جائے گی کہ امیر اور غریب کا یہ فرق ختم ہو جائے گا، ایک ایسا نظام وضع کیا جائے گا جس سے اس صوبے میں کرپشن کا خاتمہ ہو جائے گا، ایک ایسا اسلامی معاشرہ تشکیل دیا جائے گا جس سے ہر ایک آدمی یہ اخذ کریگا کہ یہاں پہ جو بھی کچھ ہو رہا ہے، وہ اسلام اور انصاف کے مطابق ہو رہا ہے۔ اب جناب والا، آپ جائیں لوگوں سے پتہ کریں، پبلک میں جائیں کہ ان کو موجودہ حکومت کے اس شریعت بل کے حوالے سے کیا آج ان کو انصاف ان کی دہلیز پہ دیا جا رہا ہے؟ آپ جائیں ان لوگوں سے پتہ کریں کہ کیا ہماری معاشی حالت میں امیر اور غریب کا یہ فرق ختم ہو چکا ہے؟ جناب والا! مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے، آپ نے جس نیت سے بھی شریعت بل پاس کیا ہو، ہم نے جس نیک نیتی سے آپ کا ساتھ دیا، ہمیں افسوس ہے کہ آپ کی شریعت محض پہلے چند مہینوں میں اس حد تک محدود تھی کہ صوبہ سرحد کے جتنے بھی بورڈز تھے، جن پر مستورات کے فوٹو لگے ہوئے تھے، جناب سپیکر، وہاں پہ لوگ گئے اور انہوں نے بورڈز اکھاڑ کر پھینک دیئے۔ جناب سپیکر! ہمارا اسلام اس حد تک محدود ہو گیا تھا کہ لوگ سڑکوں پہ کھڑے ہو کر گاڑیوں سے وڈیو کیسٹ نکالتے تھے۔ کیا ہماری یہی Parameters ہیں اور کیا اسلام کا دائرہ اس حد تک محدود ہے کہ بل بورڈ سے کسی کا فوٹو اتار کر یا کسی گاڑی سے کوئی وڈیو کیسٹ اتار کر یا ٹیپ ریکارڈر اتار کر اس سے اسلام آ جاتا ہے؟ تو جناب والا، آئیں، آئیں، وہ کہتے ہیں کہ یہ گز اور یہ میدان، جو چیز کل آپ کو بری لگی، آج وہ چیز آپ کو بری کیوں نہیں لگ رہی؟ آج وہی بل بورڈز لگے ہوئے ہیں اور وہ چیخ چیخ کر آپ کو کہہ رہے ہیں کہ یہ وہ فوٹوز ہیں جو آپ نے ابتداء میں اتارے تھے اور آج چار، ساڑھے چار سال تک آپ ان کو دیکھ کر آنکھیں نیچے کر کے ان کے پاس سے گزر جاتے ہیں۔ آج وہی گاڑیاں ہیں جناب سپیکر، آج وہی گاڑیاں ہیں جن میں وڈیو کیسٹس بھی لگے ہوئے ہیں لیکن آج آپ نے آنکھیں بند کر لیں۔ جناب سپیکر! یہ میں اسلئے کہہ رہا ہوں کہ متحدہ مجلس عمل اور موجودہ حکومت خود اپنا موازنہ کرے، خود اپنا احتساب

کرے کہ جو دعوے انہوں نے کئے تھے کہ جب متحدہ مجلس عمل کی حکومت آئے گی تو فرنٹیئر ہاؤس اور گورنر ہاؤس سے یونیورسٹیاں بنادی جائیں گی اور ہم سارے ممبران جاکر مسجدوں میں بیٹھ کر عوام کو اور پبلک کو پاک انصاف مہیا کیا کریں گے۔ جناب والا! جتنا وی آئی پی کلچر اس دور میں دیکھا گیا، میرے خیال میں اس سے پہلے کبھی بھی اتنا وی آئی پی کلچر کسی کے دور میں نہیں دیکھا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: لا حول ولا قوة۔۔۔۔۔۔

جناب انور کمال: آرام سے بیٹھو، آرام سے۔۔۔۔۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: لا حول ولا قوة۔۔۔۔۔۔

جناب انور کمال: کښینه په آرام باندے ، آوره، خبرے آوره که همت مو وی نو بیا جواب را کړئ۔ مولانا صاحب! دا خبرے دومره آسانے نه دی۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: انور کمال خان، مولانا صاحب، پلیز، مولانا صاحب، پلیز۔۔۔

جناب انور کمال: تاسو خبرے واورئ، دا چلونه مونږ ته هم راځی او زه هم د چا په تقریر کښې Interference کولے شم خو خبره دا ده۔۔۔۔۔۔۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: او تا له د خبرے چل نه درځی۔۔۔۔۔۔۔

جناب انور کمال: غلطه خبره او نه کړے۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پلیز۔

جناب انور کمال: غلطه خبره به ولے کوے ؟ مونږه چه غلطے خبرے نه کوؤ نو د هر چا عزت، د هر چا قدر په خپل لاس کښې دے۔ که ته عزتمند یے او په خپل قدر او عزت باندے پوهیږے نو د بل سړی بے عزتی به نه کوے۔ زه د خپلے دائرے دننه خبره کوم۔ خدائے د هغه ورځ رانه ولی چه زه دچا بے عزتی اوکړم۔ نه د چا مشر بے عزتی کوم او نه چا بل چا ته دا اجازت ورکوم چه هغه زما بے عزتی اوکړی۔ تنقید به کوم، جواب را کوئ، په فراخدلئ سره جواب

را کوئی۔ جناب سپیکر! لہذا میں یہ کہنے پہ مجبور تھا اسلئے کہ آپ یہ کہیں گے کہ یہ بجٹ تقریر نہیں ہے لیکن ابتداء میں بجٹ تقریر کا آغاز آپ کے شریعت بل سے ہوا، لہذا اب آپ خود اپنا احتساب کریں کہ کیا آپ نے اپنا وعدہ اس غریب عوام سے پورا کیا؟ بالکل ٹھیک ہے ہم کہیں گے کہ متحدہ مجلس عمل نے اگر انصاف یا شریعت یا ایسا نظام اس صوبے میں رائج کر لیا، تب اگلی دفعہ بھی انشاء اللہ العزیز یہی لوگ آپ کو ووٹ دیں گے۔ یہ آپ دیکھ لیں گے۔ جناب سپیکر! ہمارا یہ فرض تھا اور میں اس کی نشاندہی اسلئے کرنا چاہتا تھا کہ جن چیزوں کو ہم یہ سمجھتے ہیں، ورنہ یہ نہیں، ہم نے حسبہ بل کی مخالفت اسلئے کی کہ ہم حسبہ بل کے حوالے سے کسی ایک فریق کو یا ایک پارٹی کے ہاتھ میں اس تمام صوبے کے دو، تین کروڑ عوام کی اجارہ داری نہیں دینا چاہتے تھے۔ کل بھی ہم نے حسبہ بل کی مخالفت کی، آج بھی مخالفت کرتے ہیں اور کل بھی انشاء اللہ اگر زندگی رہی، پھر بھی حسبہ بل کی مخالفت کریں گے جو ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارا فرض تھا لیکن آپ کے کتنے حسبہ بل آئیں گے؟ آپ نے اگر شریعت بل پر اکتفا نہ کیا تو آپ چھلانگ لگا کر حسبہ پہ چلے جائیں گے۔ حسبہ بھی آپ کا پاس ہو جائے گا، اسکے بعد کوئی اور۔ یہ پہلی حکومت ہے جناب سپیکر، آپ شکر ادا کریں، ہم شکر ادا کریں کہ یہ حکومت واحد حکومت ہے جسکو اللہ تعالی نے پانچ سال کا اقتدار نصیب کیا۔ ہم نے اٹھارہ مہینے، دو سال، ڈھائی سال کی حکومتیں دیکھی ہیں، جب ہم چلنا سیکھتے تھے تو وہاں پر حکومتیں ختم ہو جاتی تھیں، آپ تو شکر کریں۔ لہذا یہ ذمہ داری آپ پر پڑتی ہے، یہ علماء کرام ہیں، ایک وقت ایسا بھی آئے گا کہ جن لوگوں نے جس مقصد کیلئے آپ کو ووٹ دیا تھا تو اگر آپ کے پاس یہ اختیار نہ ہوتا پھر تو آپ اس کے جوابدہ نہ تھے لیکن جب آپ کے پاس اختیار ہے اور ایسا کلی اختیا کہ آپ کے راستے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی تو یاد رکھو اس دن کو جب ایک غریب کا ہاتھ آپ کے گریبان میں ہوگا اور وہ چیخ چیخ کر پکارے گا کہ ہم نے آپ کو ووٹ اس مقصد کیلئے دیا تھا، آپ کو اقتدار کی دہلیز تک پہنچایا تھا، آپ کو پانچ سال نصیب ہوئے تھے لیکن آپ نے ہمیں کوئی انصاف فراہم نہیں کیا۔ یہ انور کمال سے نہیں پوچھا جائے گا، یہ ان لوگوں سے پوچھا جائے گا جنہوں نے پانچ سال اقتدار کے مزے لوٹے ہیں۔ جناب سپیکر! نیشنل فنانس کمیشن کے حوالے سے بھی آپ کی بجٹ سپیچ میں اسکا ذکر ہے اور میں بڑے فخر سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اپوزیشن کے تمام ممبران، چاہے وہ جس پارٹی سے بھی تعلق رکھتے ہوں، ہم نے وقتاً فوقتاً اس صوبے کے بھترین مفاد میں آپ کو

مشورے دیئے اور آپ سے یہ توقع کی کہ ایک طرف تو آپ نیشنل سیکورٹی کونسل کی مخالفت کرتے ہیں، ایک طرف تو آپ کے لیڈران صاحبان نیشنل سیکورٹی کونسل کو آمریت کا ایک ذریعہ سمجھتے ہیں اور دوسری طرف ہمارے چیف منسٹر صاحب نیشنل سیکورٹی کونسل میں جا کر بیٹھتے ہیں تو کیا آپ مرکز کی حکومت کو یہ نہیں کہہ سکتے، یہ ذمہ داری ہمارے چیف منسٹر پہ عائد ہوتی ہے کہ ہم نے آپ کو ایک فارمولہ دیا کہ ساٹھ سال تک ان تمام صوبوں کا استحصال پاپولیشن، آبادی کی بنیاد پر کیا جاتا رہا، لہذا ہماری یہ دیرینہ خواہش تھی کہ چونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ موقع دیا، اب مجھے پتہ ہے کہ اس کا جواب ہمیں کیا ملے گا؟ جواب یہ ہو گا کہ آپ کے دور حکومت میں جب اوپر نیچے آپ کی حکومتیں تھی تو آپ نے کیا کیا؟ جناب سپیکر! ان کی باتوں سے آپ اپنے آپ کو مبراء نہیں کر سکتے، وہ وجہ یہ ہے (تالیاں) وہ وجہ یہ ہے، میں صاف بات بتاتا ہوں، وہ وجہ یہ ہے کہ جناب سپیکر، میں نے ابتداء میں آپ سے کہہ دیا تھا کہ ہمیں یہ اللہ تعالیٰ نے موقع فراہم نہ کیا کہ ہم چار سال، دو سال، پانچ سال تک حکومتیں کرتے رہیں۔ آپ کو اللہ تعالی نے موقع فراہم کیا کہ اگر آپ مرکز کے ساتھ بیٹھ کر ان کی تقدیر کا فیصلہ سترھویں ترمیم سے کر سکتے ہیں اور ان کو صدر پاکستان تسلیم کر سکتے ہیں اور ان کو وردی پہنا کر پانچ سال تک ہم پر مسلط کر سکتے ہیں تو کیا آپ ان سے یہ نہیں منوا سکتے کہ آپ پاپولیشن کے Basis پہ ان تمام صوبوں کا استحصال نہ کریں؟ ہماری یہ خواہش تھی اور تمام مشترکہ اپوزیشن نے یہ کہا کہ آپ پاپولیشن کے ساتھ ساتھ مرکز کو یہ Convey کریں کہ یہ صوبہ ایک غریب صوبہ ہے، لہذا آپ Federal Divisible Pool سے تمام رقم کی تقسیم پاپولیشن کی بنیاد پر نہ کریں بلکہ Poverty کی بنیاد پر کریں۔ یہ میں ماننے کے لئے تیار ہوں کہ شاید مرکز آپ کا وہ فارمولہ چھوڑ کر اور Poverty کی بنیاد پہ نہ کرتا اسلئے کہ یہاں پر مختلف صوبے موجود ہیں۔ بلوچستان کا دعویٰ تھا کہ انہیں رقبے کے لحاظ سے پیسے دیئے جائیں، سندھ کا دعویٰ تھا کہ انہیں ریونیو کی بنیاد پر پیسے دیئے جائیں، پنجاب کا دعویٰ ہو گا اور ہوتا رہا ہے کہ انہیں پاپولیشن کے Basis پر پیسے دیئے جائیں۔ صوبہ سرحد کا دعویٰ تھا کہ ہمیں پاپولیشن اور غربت کی بنیاد پر پیسے دیئے جائیں۔ جناب سپیکر! یہ ایسا فارمولہ تھا کہ اس فامولے سے سندھ کو بھی فائدہ ہو سکتا تھا، اس سے بلوچستان کو بھی فائدہ ہو سکتا ہے اور اس فارمولے سے صوبہ سرحد کو سب سے زیادہ فائدہ ہو سکتا ہے اور دوسری Suggestion

ہماری یہ تھی کہ وہ صوبہ جو کہ آپ کو خالی ایک مد میں، تمباکو کی مد میں اڑتیس ارب روپے کی سنٹرل ایکسائز ڈیوٹی دیتا ہے اور مرکز اس کے بدلے ہمیں کیا دیتا ہے؟ وہ ہمیں تقریباً کوئی پچاس، ساٹھ لاکھ روپے یا ایسے سمجھ لیں کہ کروڑوں میں کچھ رقم آپ کو دے دیتا ہے جسکو سیس فنڈ ہم کہتے ہیں لیکن وہ رقم جس کو یہ صوبے اپنے وسائل سے بناتے ہیں اور مرکز م بھجواتے ہیں، وہاں سے وہ پیسہ جب واپس صوبوں میں آتا ہے تو جناب سپیکر، آبادی کے لحاظ سے وہ پیسہ تمام وہاں چلا آتا ہے جس کی آبادی سب سے زیادہ ہوتی ہے، لہذا اس سے ان تمام صوبوں میں ایک نامحرومی کی فضاء قائم ہوتی ہے، اور ہماری یہ خواہش تھی کہ متحدہ مجلس عمل کی حکومت شاید اس چیز میں کامیاب ہو سکے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس وقت این ایف سی ایوارڈ، یہ بھی اب ایک Partial Award ہے جو کہ 1996 میں پیش کیا گیا تھا اور اس ایوارڈ میں Amendment کر کے ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے۔ جناب والا! نٹ پرافٹ کے حوالے سے، یہ تمام مشرکہ اپوزیشن جو یہاں پر بیٹھی ہوئی تھی اسلئے کہ روز اول سے پاکستان میں ہماری ہائیڈل جنریشن کے متعلق ایک فارمولہ پر اتفاق ہو گیا تھا، جسے اے جی این قاضی فارمولہ کہتے ہیں جو ہمیں بھی Acceptable تھا کیونکہ یہ ایک اصولی فیصلہ تھا اور اس کو ایک قانونی حیثیت بھی حاصل تھی۔ ہماری یہ خواہش تھی کہ آپ اپنی کوششیں جاری رکھیں، مرکز سے پیسے مانگیں، ہم آپ کی اس بات کیلئے تیار ہیں لیکن خدارا آپ اے جی این قاضی سے Deviation نہ کریں، اس اصولی موقف سے، جس کو سپریم کورٹ کے Judgment سے بھی تقویت حاصل ہے، اس سے Deviation اسلئے نہ کریں کہ اگر آپ Arbitration میں جاتے ہیں تو جیسے ہم پشتو میں کہتے ہیں کہ "ما پہ طویہ ونہ واک ورکړو" آپ نے تمام اختیار ان لوگوں کے ہاتھ میں دے دیا، اب ان کی مرضی ہے کہ وہ آپ کے ساتھ جو بھی سلوک کرنا چاہیں اور جناب سپیکر، آج یہ حکومت کو خود معلوم ہے کہ جو ہمارے دعوے ساڑھے چار سو، پانچ سو بلین روپے کے تھے، ان پر ہمارے مارک اپ کو ختم کر دیا گیا ہے۔ جناب سپیکر! ہمیں پانچ سو ارب کی بجائے محض ایک سو دس ارب روپے اور وہ بھی میں کہتا ہوں کہ یہ شیخ چلی کا ایک خواب ہے اسلئے کہ واپڈا نے کبھی ہمیں چھ ارب روپے جسے ایک طریقے سے Cap کیا گیا تھا، ایک طریقے سے Freeze کیا گیا تھا اور ایک طریقے سے واپڈا کو پابند بنا دیا گیا تھا کہ جب تک آپ صوبے کے ساتھ حساب ختم نہیں کر لیتے تب تک جناب سپیکر، واپڈا پابند ہو گی

کہ وہ اس صوبے کو چھ ارب روپے دیتی رہے گی۔ آج جناب والا، کہاں گئے وہ صدر پاکستان کے دستخط، کہاں گئے وہ پرائم منسٹر کے دستخط، کہاں گئیں ان کی وہGuarantees، کہاں گئیں ان کی Sureties، جو کہ ہم یہاں پر دعوے کیا کرتے تھے کہ ایک طرف پرائم منسٹر آف پاکستان کے دستخط ہیں، ایک طرف صدر پاکستان نے اس کی Assurance دی ہوئی ہے تو دوسری طرف ہمارے چیف منسٹر صاحب اس پر دستخط کر رہے ہیں اور جناب والا، ایوارڈ آپ کے سامنے، فیصلہ آپ کے سامنے آتا ہے۔ آپ کے بیس سال، کیونکہ ہمارے دعوے تھے، 1973 سے لیکر 1993 تک انہوں نے آپ کے تمام Claims ختم کر دیئے، ان پر پانی پھیر دیا، آپ کے تمام مارک اپ کو ختم کر کے محض 1993 سے لے کر آج تک آپ کے ساتھ حساب کرنے بیٹھے۔ جناب والا! کیا فائدہ ہوا؟ کہتے ہیں کہ پھٹا پہاڑ اور نکلا چوہا۔ وعدے اور ایک صدر پاکستان کی حیثیت، ان کی Guarantees کی حیثیت یہ رہی کہ واپڈا جاتی ہے اور سینیئر سول جج کی عدالت میں آپ کے خلاف، صدر پاکستان کے خلاف، پرائم منسٹر آف پاکستان کے خلاف دعویٰ دائر کرتی ہے اور وہ منکر ہو جاتی ہے آپ کو ایک سو دس ارب روپے پیسے دینے سے۔ جناب والا! آپ گئے اور آپ نے جاکر سپریم کورٹ میں، ہم بھی اس پر چیف منسٹر کیلئے دستخط کرتے اگر ہم یہ سمجھتے کہ اس میں آپ کا فائدہ ہو لیکن جناب والا، جیسے کوئی ایشو Subjudice ہو جاتا ہے تو یہ ایشو بھی ایک لحاظ سے Subjudice ہو گیا ہے۔ اب میں حیران اس چیز پہ ہوں، میں حیران اس چیز پہ ہوں کہ ہم، وہ لفظ میں استعمال نہیں کرتا لیکن ہم بار بار ایسے فیصلے دہراتے ہیں، ایسے کام کرتے ہیں کہ جن کا ہمیں ایک تلخ تجربہ ہوا ہو۔ جناب سپیکر! آٹھ ارب روپے کا دعویٰ اسی ایوان میں ہمارے چیف منسٹر صاحب نے کیا تھا کہ ساٹھ سال میں کسی نے چھ ارب روپے سے ایک ادھیلا بھی زیادہ نہیں لیا اور میں مرکز کو مجبور کر کے ان سے آٹھ ارب روپے لے آیا ہوں اور اسکا ذکر بھی ہمارے اے ڈی پی میں ہو چکا تھا، بجٹ میں اسکا اندراج تھا، دو ارب کے عوض پراجیکٹس بھی دے دیئے گئے تھے لیکن وہ پیسہ کہاں آیا؟ نتیجہ یہ نکلا کہ وہ پیسہ، کوئی Commitment آپ کے ساتھ نہیں تھی بلکہ زبانی جمع خرچ تھی۔ کہیں کھانے پر آپ کو کسے نے یہ خوشخبری دے دی ہو گی اور آپ یہ سمجھے ہیں کہ اب وہ ہمارے غم سے مرے جا رہے ہیں اور چھ ارب کی جگہ آپ نے آٹھ ارب روپے اور آٹھ ارب کے Against آپ نے پراجیکٹس بھی دے

دیئے، نتیجہ یہ نکلا کہ آپ کو دو ارب روپے کا خسارہ ہو گیا۔ آج بھی آپ چیخ رہے ہیں، کل بھی آپ چیخیں گے کہ دو ارب روپے آپ کو کہیں سے نہیں ملے۔ جناب سپیکر! یہ کتاب اٹھا کر دیکھیں، آپ ہمارے وزیر خزانہ کی تقریر دیکھیں، آج بھی انہوں نے وہی چیز دہرائی ہے، دو ارب کا تو ہم گزارا کر لیں گے لیکن ایک سو دس ارب روپے کا کون ذمہ دار ہو گا کہ یہ جو انہوں نے شیخ چلی کا ایک منصوبہ بنایا ہوا ہے کہ وہ ایک سو دس ارب روپے میں سے اسی ارب روپے ہم اس صوبے میں غربت، افلاس، بے روزگاری اور ان چیزوں پر خرچ کریں گے اور ان میں سے پیسے ڈی آئی خان میں بھی خرچ کریں گے۔ جناب سپیکر! یہ اس صوبے کے ساتھ، میں کہتا ہوں کہ سال 08-2007 کا ایک پریکٹیکل مذاق ہے جو کہ کیا جا رہا ہے۔ یہ اس صدی کا سب سے بڑا مذاق ہے کہ دو ارب روپے آپکو کوئی دینے کیلئے تیار نہیں ہے اور اس میں Arbitration کر کے محض آپکو ایک سو دس ارب روپے Commit کر لئے اور آپ گئے اور اس ایک سو دس ارب روپے کا منصوبہ بنا کر آپ نے ہمارے سامنے پیش کر دیا کہ جی اس ایک سو دس ارب روپے میں سے یہ پیسہ ادھر جائیگا اور یہ پیسہ ادھر جائیگا۔ میں آج دعوے سے کہتا ہوں کہ یہ شیخ چلی کا خواب ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ نہ ایک سو دس ارب روپے ہو گا، ان کتابوں میں محض اس کا ذکر ہو گا اور اس سے بڑھ کر جناب سپیکر، اور کچھ نہیں ہو سکتا۔ جناب سپیکر! ہمارے وزیر خزانہ بڑے شریف آدمی ہیں، حقیقت یہ ہے کہ اگر سراج صاحب تھے، ہم سب کی قدر کرتے ہیں، ایسے نہیں کہتے ہیں کہ کوئی شریف نہیں ہے، سارے ہمارے بھائی ہیں، اللہ تعالیٰ نے انکو عزت دی ہوئی ہے لیکن جو دعوے یہ ہم کرتے ہیں، ہمیں افسوس ان دعووں پہ آتا ہے کہ آپ آگے پیچھے نہیں دیکھتے لیکن دعوے ضرور کر لیتے ہیں۔ یہ نہیں دیکھتے کہ ہمارے عمل اور قول و فعل میں کتنا تضاد ہے لیکن دعوے آپ کر لیتے ہیں۔ جناب سپیکر! وہ کہتے ہیں کہ یہ جو گیس اور تیل، ان چیزوں کی رائلٹی ہے، یہ اس حکومت کا طرہ امتیاز ہے اور یہ سنہری حروف میں لکھا جائے گا کہ انصاف کی ایک مثال، ایک ہی مثال قائم کر دی جس کو تاریخ کبھی نہیں دوہرا سکتی کہ رائلٹی کا پانچ فیصد آپ ان اضلاع کو دیں گے جن اضلاع سے یہ چیزیں نکلتی ہے ہیں۔ جناب والا! آپ تو انصاف کے اتنے بڑے دعوے دار ہیں، آپ کا اے ڈی پی کتابیں تو بھری ہوئی ہیں ہمارے ان بزرگوں کے ناموں سے، جن کے ناموں پہ، آپ مجھے ساٹھ سالہ تاریخ میں بتائیں کہ کبھی اس سے پہلے بھی چیف منسٹر یا ان کے اباء اجداد

کے ناموں پہ کوئی پراجیکٹس وغیرہ دیئے گئے ہیں؟ یہ واحد حکومت ہے، ہم ان بڑوں کی قدر کرتے ہیں، خدا کی قسم ہم ان کی عزت کرتے ہیں لیکن خالی ہم آپ کے اعمال کو دیکھ رہے ہیں کہ اگر آپ ان بڑوں کے عوض ان کے ناموں پر ایسے پراجیکٹس منسوب کرتے ہیں، اللہ تعالےٰ آپ کو اور بھی ہمت دے لیکن اگر آپ دوسری طرف دیکھیں جناب سپیکر، ہمارے اکرم درانی صاحب تو بڑے آسانی سے کہہ دیتے ہیں کہ اکرم درانی پبلک سکول بنالیتے ہیں لیکن اگر اکرم درانی صاحب دوسری طرف نظر اٹھا کر دیکھیں تو اگر انور کمال جاکے کسی 100 کے منصوبے کا افتتاح کرتا ہے تو انور کمال گناہ کبیرہ کر جاتا ہے اور میرے فنڈز بھی بند ہو جاتے ہیں، میرے اے ڈی پی کا کام بھی بند ہو جاتا ہے، یہ کیسا انصاف ہے جو آپ اپنے لئے اچھا سمجھتے ہیں اور میرے لئے برا سمجھتے ہیں؟ (تالیاں) آج بھی جناب سپیکر، تالیاں مت بجاؤ، مت بجاؤ، میں حقیقت بتا رہا ہوں، میں حقیقت بتا رہا ہوں۔ یہ خوش ہوتے ہیں جب آپ تالیاں نہیں بجاتے، ان کو خوش ہونے دیں لیکن میں ان کا اصلی چہرہ ان کو دکھانا چاہتا ہوں ۔جناب سپیکر! یہ وہ گناہ کبیرہ ہے جو کہ انور کمال نے کیا تھا۔آج بھی میرے فرسٹ کزن کو جو کہ تحصیل ناظم ہے، Suspend کیا گیا ہے، میں نے کبھی ان سے درخواست نہیں کی، کبھی ان سے یہ منت نہیں کی، نہ کریں گے کہ آپ نے دو سال اس کو Suspend رکھا ہوا ہے، اب اس سے بڑھ کر آپ اس کا سر تو نہیں کاٹ سکتے ہیں لیکن آپ ٹکڑے ہو جائیں، آپ جتنا زور بھی ہمیں دے سکتے ہیں، یہ تو آپ نے پرانے باتیں کی ہیں، میں آج بھی دعوے سے کہتا ہوں کہ آپ کا یہ اے ڈی پی محض ایک Eye wash ہے، خدا کی قسم یہ ایک Eye wash ہے، آپ اس سے ایک ادھیلا پیسہ بھی خرچ نہیں کر سکتے۔کیوں؟ جناب سپیکر! یہ اخبار اس چیز کی گواہی دیتا ہے، ایک سو چوبیس ممبران یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں یعنی کہ یہ انور کمال کہتا ہے، ایک سو چوبیس ممبران یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں اور کوئی ممبر مجھے یہ بتادیں کہ جون کے مہینے میں بھی کبھی ٹینڈر لگتے ہیں؟ جون کا مہینہ وہ مہینہ ہوتا ہے، آج ہم نے بجٹ کو Authorize بھی نہیں کیا، یہ تیس جون کو دیکھا جائیگا کہ پاس ہوتا ہے کہ نہیں ہوتا؟ جناب سپیکر! جون کے مہینے تک جو پیسہ ڈیپارٹمنٹ خرچ نہیں کر پاتا، اسکو آپ واپس جمع کروا دیتے ہیں اور جون کے بعد اس کی Re-appropriation ہوتی ہے۔ جناب سپیکر! یہ اخبار چیخ چیخ کر کہہ رہا ہے کہ کل بنوں میں، چیف منسٹر کے حلقے میں چودہ، پندرہ کروڑ روپے کے ٹینڈرز جو ہوئے ہیں، میں ان سے یہ پوچھتا

ہوں کہ یہ یٹنڈرز آپ نے جون کے مہینے میں کیسے کیے ؟ اس مہینے میں تو کسی کو تنخواہ دینے کیلئے پیسے نہیں ہوتے لیکن یہ چیزیں، آپ کو بعد میں پتہ چلے گا، بعد میں آپ کو پتہ چلے گا کہ جس وقت پانی آپ کے سر سے گزر چکا ہو گا اور جو اپوزیشن چیخ چیخ کر آپ کو کہہ رہی تھی، آپ ذرا موازنہ تو کریں۔ جناب سپیکر! میں آپ اور آپ کی وساطت سے موجودہ حکومت سے یہ کہنے کی جسارت کرتا ہوں کہ آپ سب اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھیں، ایک پشاور کو دیکھیں تو تمام پشاور کو آپ نے سولہ کروڑ روپے دیئے ہوئے ہیں اور ایک محترم خلیفہ گل نواز صاحب ہسپتال کو ایک ارب اور تیس کروڑ روپے آپ نے دیئے ہوئے ہیں۔ کیا موازنہ کرتے ہیں آپ اسکا؟ آپ اٹھا کر دیکھیں بنوں میں، جہاں پر اکرم خان نے اپنے نام سے اپنا ایک سکول منسوب کیا ہے، وہاں پر آپ دیکھیں پانچ نئے منصوبے دیئے گئے ہیں۔ جناب سپیکر! ان میں سے دو منصوبے آپ نے بنوں میں بنائے ہیں اور ان تمام منصوبوں کو اکھٹا کر کے وہ ایک پبلک سکول کے نام پہ جو انہوں نے دیئے ہیں، کسی کو 29 ملین، کسی کو 14 ملین، کسی کو 33 ملین، کسی کو 32 ملین اور ایک 'اکرم درانی سکول' کو پانچ سو ملین دیئے گئے ہیں۔ جناب والا، یہی اسلامی حکومت کا انصاف ہے جو آپ ہمارے ساتھ کر رہے ہیں؟ (تالیاں) یہی وہ چیزیں ہیں جو آپ ہمارے ساتھ کر رہے ہیں؟ آپ کے دعوے ہیں کہ ہم نے اپنی On going، اس وقت آپ کی On going سکیمیں جو ہیں، جناب والا، آپ یہ کتاب اٹھا کر دیکھیں، On going سے مراد یہ ہے---------

<u>جناب امانت شاہ:</u> جناب سپیکر! چه ټول ټائم دوئ واخلی نو مونږه به څه کوؤ ؟

<u>جناب سپیکر:</u> تاسو ته به هم ټائم درکوم۔ (قطع کلامیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> بیٹھیں، بیٹھ جائیں۔ اعتماد ساته، انشاالله ما بنام به هم اجلاس کوؤ چه یو ممبر پاتے وی کنه، نو زه به ټولو ته موقع ورکوم۔

<u>جناب امانت شاہ:</u> جناب سپیکر! طریقه خو داده چه څومره وخت یو رکن ته ورکړے کیږی، دومره به انشاالله مونږ ته هم راکوئ جی هغه هومره موقع چه مونږه هم هغه شان خبره اوکړے شو۔

جناب انور کمال: جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ میں آپ کا وقت زیادہ لے رہا ہوں۔

جناب سپیکر: ذرا مختصر کریں۔

جناب انور کمال: اور مجھ میں اتنی سکت بھی نہیں ہے، بوڑھا آدمی ہوں اور دل کا مریض بھی ہوں، ڈر بھی لگتا ہے جناب سپیکر، میں خالی آپ کے گوش گزار چند، شاید آپ کو بھی میری یہ باتیں بہت بری لگ رہی ہونگی، چبھ رہی ہوگی لیکن میں کہتا ہوں کہ جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مختصر کریں بس۔

جناب انور کمال: یہ ہمارا طرہ امتیاز ہے کہ ہم فراخدلی سے ایک دوسرے کی باتیں سنیں۔ ہم نے چار سال ان لوگوں کو آزمایا ہوا ہے، ان لوگوں کی وہ زیادتیاں ہم نے برداشت کی ہوئی ہیں، وہ ایک تقریر اگر ہماری برداشت کر لیتے تو اس سے کونسا آسمان گر جائیگا۔ کوئی آسمان نہیں گرے گا جناب سپیکر۔ میں یہ کہتا ہوں جناب سپیکر، کہ ہمارے دعوے ہیں، ہمارے پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ کے حساب سے یہ جو پیسہ ہم اس صوبے میں خرچ کرتے ہیں، یہ آپ کی دو مد میں خرچ ہوتا ہے۔ میں آپ کو شارٹ شارٹ بتاتا ہوں کہ جناب سپیکر، بجٹ جب آتا ہے تو آپ کے ستر فیصد عوام، ستر فیصد لوگ جو کہ Poverty line کے نیچے رہ رہے ہیں، جو کہ غریب ہیں، مزدور ہیں، کسان ہیں، جن کو `خوار غریب` ہم پشتو میں کہتے ہیں، جناب والا، ان کا آپ کے این ایف سی ایوارڈ سے کوئی واسطہ نہیں، وہ کہتے ہیں باڑ میں جائے این ایف سی ایوارڈ، ہمیں اس این ایف سی ایوارڈ سے کیا فائدہ؟ وہ کہتے ہیں کہ نٹ پرافٹ کی باتیں آپ کرتے ہیں، ان زبانوں کو تو ہم نہیں سمجھتے ہیں، یہ تو آپ کے ایوانوں کی زبانیں ہیں، ان چیزوں کو ہم نہیں سمجھتے۔ جناب والا! وہ جس چیز کو سمجھتے ہیں اور جس چیز پر ان کی نظریں مرکوز ہوتی ہیں، وہ یہ کہتے ہیں کہ جو میجارٹی عوام ہیں، کہ کیا حکومت نے اس عرصہ میں ہمارے لئے آٹا سستا کر لیا؟ کیا حکومت نے ہمارے لئے چینی سستی کر لی؟ کیا حکومت نے پرائسز کو کنٹرول کر لیا؟ کیا حکومت نے ہمیں دو وقت کی روزی میسر کرنے کیلئے اتنی رقم دی کہ ہم اپنے بال بچوں کو دو وقت کی روٹی دے سکیں؟ خدا کی قسم آپ جائیں بازار میں، مجھ سے نہ پوچھیں، ان لوگوں سے پوچھیں، ایک عام آدمی سے، آپ روزانہ ٹی وی میں بھی دیکھتے ہیں، مرکز بھی انکھیں بند کر لیتا ہے،

صوبے بھی انکھیں بند کر لیتے ہیں، آپ بھی اپنے آپ کو ان چیزوں سے مبراء کر دیتے ہیں کہ جی یہ تو تمام مرکز کے آئٹمز ہیں۔ لگتا ایسا ہے جیسے صوبائی حکومت کی کوئی ذمہ داری ہی نہیں ہے۔ کبھی آپ مرکز پر ڈالتے ہیں، جب لاء اینڈ آرڈر سچوئشن کی بات ہوتی ہے تو آپ کہتے ہیں کہ مرکز نے کر لی ہے۔ بابا، آپ کی ناک کے نیچے صوبہ سرحد میں کیا ہو رہا ہے؟ آپ جائیں، ٹانک میں جا کر پوچھیں، ان لوگوں سے جا کر پوچھیں، چیف منسٹر صاحب سے میں کہتا ہوں کہ جائیں، آپ بنوں میں جا کر اپنے لوگوں سے پوچھیں، لکی مروت میں لوگوں سے جا کر پوچھیں کہ کیا حکومت نام کی کوئی چیز ہے؟ آج ہم مجبور ہیں۔ آئے دن اغوا کی وارداتیں ہوتی ہیں، ہم نے کل اور پرسوں بھی ایک بڑا جرگہ منعقد کیا تھا اور ہم نے اپنے ان رفقاء، اپنے ان بھائیوں کو بھی دعوت دی تھی کہ آئیں آپ ہمارے ساتھ مل بیٹھ کر دیکھیں کہ جو قباحتیں آپ سمجھتے ہیں کہ اس صوبے میں ہیں، آپ سمجھتے ہیں کہ جو غیر شرعی اور غیر اسلامی چیزیں ہیں، ہم آپ کے ساتھ مل بیٹھ کر آپ کے ساتھ اس میں امداد کرنے کیلئے تیار ہیں۔ یہ کونسا اسلام ہے کہ آپ سڑک پر کھڑے ہو کر کسی سرکاری آدمی کو اغوا کر کے اس کے نام پر پندرہ لاکھ روپے کا بونگا لے لیں اور حکومت آنکھیں بند کر کے بیٹھی ہے۔ آج حکومت اگر یہ دعوی کر سکتی ہے تو میں تو اس حکومت سے زیادہ پھر اپنے آپ کو مضبوط سمجھتا ہوں کیونکہ حکومت نے آج تک بغیر پیسوں کے ایک آدمی کو واپس نہیں کیا اور میں نے اس عرصے میں چار بندوں کو واپس کر کے، ایک ادھیلا حرام ہو، اگر میں نے اس کے کھاتے میں لیا ہو۔ کہاں گئی پھر حکومت اور اس کی رٹ کہاں گئی؟ جناب سپیکر! آپ اپنے آپ سے پوچھیں کہ یہ رٹ حکومت کی جب چیلنج ہو جاتی ہے، آپ تو دعوی کرتے ہیں کہ ہم نے سرمایہ کاری کے حوالے سے یہاں پر بین الااقوامی کانفرنسز منعقد کیں، کیا کانفرنس آپ منعقد کریں گے جب آپ ایک آدمی کو تحفظ نہیں دلوا سکتے، آپ ان لوگوں کو یہاں پہ انویسٹمنٹ کیلئے نہیں بلا سکتے تو آپ کیا تحفظ فراہم کریں گے جب آپ اپنے آدمیوں کو تحفظ فراہم نہیں کر سکتے؟ آج ہماری بد قسمتی یہ ہے جناب سپیکر، اور یہ ہاؤس اور یہ ایوان اس چیز کا گواہ ہے کہ جب ہم لاء اینڈ آرڈر سچوئشن کے حوالے سے بات کرتے تھے تو جناب، ہمارے ظفر اعظم صاحب کہتے تھے کہ آپ اس کا موازنہ دوسرے صوبے سے کریں کہ یہ تو جنت ہے۔ آج اس جنت کو کیا ہو گیا ہے؟ جناب سپیکر! آج اس جنت کو کس کی نظر لگ گئی ہے اور کیوں آپ نے اس پہ آنکھیں بند کی ہوئی ہیں؟ جناب سپیکر! میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں لیکن

میں آپکو محض یہ بتانا چاہتا ہوں، اپنے ان بھائیوں کو یہ بتانا چاہتا ہوں، یہ بڑے شریف ہیں لیکن ذرا انہوں چپ سادھ رکھی ہوئی ہے، ایک سکول پر یہ خطا ہو جاتے ہیں کہ ان کو ایک سکول دے دیتے ہیں، خدا کا واسطہ آپ اے۔ڈی۔پی کو تو اٹھا کر دیکھ لیں اور اسکا موازنہ کریں پھر آپ کو پتہ چلے گا کہ آپ کے ساتھ کیا کیا زیادتیاں ہوئی ہیں؟ اب On going سکیمز کے حوالے سے، ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ ایک سال جب اس حکومت نے محض لوگوں کو خوش کرنے کیلئے سکیموں کا ایک جال بچھا دیا، ہماری Capacity تین سو، چار سو سکیموں / منصوبوں کی ہوا کرتی تھی، انہوں نے جال بچھا دیا جناب سپیکر صاحب، کہ ہم نے ایک ہزار منصوبے دے دیئے۔ انکو اس وقت پتہ نہیں تھا کہ یہ ایک ہزار منصوبے آپ چار سال تک چاٹتے رہیں گے اور یہی کچھ آج بھی ہو رہا ہے کہ ہماری On going commitments اس حد تک بڑھ گئی ہیں کہ آپ اس صوبے کے تمام بجٹ کو وہاں پر منتقل کر دیں، خدا کی قسم پھر بھی آپکی On going liabilities ختم نہیں ہونگی۔ آپ نے نئے منصوبے تو دے دیئے، یہ کونسا طرہ امتیاز ہے کہ آپ نے نئے منصوبے دے دیئے، آپ کہتے ہیں کہ جی ہم نے یہاں پر ایک ہزار نئے منصوبے دے دیئے لیکن اگر ایک منصوبہ ایک کروڑ روپے کا ہے اور آپ اس کے عوض پانچ لاکھ روپے رکھ دیتے ہیں تو کیا یہ منصوبہ ہے؟ کیا آپ اس کو Annual Developmental Programme کا ایک حصہ سمجھتے ہیں؟ کیا آپ اسکو سمجھتے ہیں کہ یہ سالانہ ترقیاتی پروگرام ہے؟ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اسکو آپ ایک سال بھر میں ختم کر سکتے ہیں؟ جناب والا! یہ تمام وہ قباحتیں ہیں جو کہ چیف منسٹر صاحب جانتے ہیں اور انہوں نے دیدہ و دانستہ اپنے ٹینڈرز اسلئے لگوائے کہ وہ ان چیزوں سے نکل کر اپنا کام اس سے پہلے کریں کہ حکومتیں ختم ہوں، وہ اپنا کام کر لے گا اور ہمارے باقی بھائی جو ہیں، وہ چپ کر کے بیٹھے ہوں گے، نہ انکو تعمیر سرحد کا کوئی فائدہ ہوگا اور نہ ان منصوبوں کا۔ یہ آپ آج مجھ سے لکھ کر لیں کہ ان منصوبوں کا ہمارے ان بھائیوں کو کوئی فائدہ نہیں ہے۔ ہم تو تیار ہیں، ہم تو کافی عرصے سے یہ چیزیں بھگت رہے ہیں اور آج بھی چیف منسٹر کو برملا کہتے ہیں، آج بھی ان کو برملا کہتے ہیں، ان کے منہ پر کہتے ہیں کہ آپ نے جو کچھ دیا، اگر واپس لے سکتے ہیں تو وہ بھی واپس لے لیں۔ اگر آنے والے وقتوں میں جو ہمیں دیتے ہیں، وہ بھی آپ اپنے رفقاء میں تقسیم کر لیں تاکہ کل آپ کا یہ دعویٰ نہ رہے کہ ہم نے اپوزیشن کو دیوار سے نہیں لگایا۔ آپ یہ دعویٰ نہ کریں کہ ہر

ممبر اس صوبے اور اپنے حلقے کا چیف منسٹر کہلایا جائیگا تاکہ یہ تاریخ میں لکھا جائے کہ واقعی آپ نے ہمیں اپنے اپنے حلقوں کا چیف منسٹر بنایا تھا۔ آپ بھی ایک دن چیخیں گے لیکن جب یہ چیف منسٹر کرسی پر نہیں ہوں گے تو آپ بھی حقیقت بیان کریں گے کہ آپ کے ساتھ کیا زیادتی ہوئی تھیں۔ جناب سپیکر! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا اور ان کا خصوصی طور پر مشکور ہوں، دل میں بہت خوش ہیں یہ اور بات ہے کہ ظاہر میں وہ مجھے کچھ کہہ نہیں سکتے۔ (تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: عبدالاکبر خان! بجٹ تقریر کوئی؟

نکتہ اعتراض

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: سر نہیں، تقریر نہیں، بجٹ پر تقریر پھر کبھی کرونگا، میں صرف ایک پوائنٹ آف آرڈر Raise کرنا چاہتا ہوں جو آپکی ذات سے متعلق ہے جناب سپیکر، اور اس میں رولنگ اگر آج ہی آپ دے سکتے ہیں کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو اجلاس ہم کر رہے ہیں، یہ ایک غیر آئینی اجلاس ہے اور یہ ہاؤس مکمل نہیں ہے، اسلئے آپ برائے مہربانی میرا جو پوائنٹ آف آرڈر ہے، اس پر ابھی ہمیں رولنگ دے دیں، اسکے بعد میرے خیال میں یہ اجلاس مکمل ہوگا۔ جناب سپیکر! میں تقریباً ڈیڑھ سال تک خاموش رہا اس پوائنٹ آف آرڈر کو Raise کرنے کیلئے۔ جناب سپیکر! آپکی اس چیئر کی عزت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ہم نے یہ پوائنٹ آف آرڈر ابھی تک نہیں اٹھایا تھا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ Last سیشن ہے ہمارا، اسلئے جناب سپیکر، میں اگر اس کو ابھی نہ اٹھاؤں تو آئندہ کا مورخ ہمیں اس بات پر ملامت کریگا کہ ہم نے اتنی Important چیز کو اسمبلی کے فلور پر نہیں اٹھایا۔ اب جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ آرٹیکل 53 کی طرف دلانا چاہتا ہوں جو کہ آرٹیکل 127 کے ساتھ Validate کیا گیا ہے، "After a general election, the National Assembly shall,

جناب سپیکر، یہ چونکہ آرٹیکل 127 کے ساتھ پڑھا جاتا ہے تو پراونشل اسمبلی بھی آتی ہے، "After the general election, the National Assembly shall, at its first meeting and to the exclusion of any other business, elect from amongst its members a Speaker and a Deputy Speaker and, so often" یہ بڑی Important ہے، "and, so often as the office of Speaker or Deputy Speaker becomes vacant, the Assembly shall elect

another member as Speaker or, as the case may be, Deputy Speaker." جناب سپیکر! یہ لفظ جو `shall` استعمال ہوا ہے، یہ اس چیئر کی عزت کی خاطر ہوا ہے کہ آپ ایک منٹ کیلئے بھی یہ عہدہ خالی نہیں چھوڑ سکتے۔ اب جناب سپیکر، میں آپکی توجہ رول 9 کی طرف دلانا چاہتا ہوں 'Vacancy in the office of the Speaker' اور جناب سپیکر، میں زیادہ پڑھنا نہیں چاہتا لیکن جو Proviso ہے۔ "Provided that if the vacancy occurs during a session of the Assembly, the election shall be held during the same session, and if the vacancy occurs at a time when the Assembly is not in session, during the session next following." یعنی اگر اسمبلی کے اجلاس کے دوران یہ Vacancy ، اور میں آپکی توجہ پھر رول 10 کی طرف دلانا چاہتا ہوں "The procedure for the election of the Deputy Speaker shall mutatis mutandis be the same as that in respect of the election of the Speaker," یعنی سپیکر کا الیکشن اور ڈپٹی سپیکر کا الیکشن same ہے۔ اب جناب سپیکر، یہاں پر لکھا ہے کہ اگر اسمبلی کے سیشن کے دوران یہ Vacancy واقع ہو جاتی ہے تو آپ اسمبلی کے اس سیشن کے دوران اسکو Fill کریں گے لیکن اگر اسمبلی کے سیشن کی بعد ہوتی ہے تو جو Next سیشن آئے گا، اس میں آپ نے یہ Vacancy پر کرنی ہے۔ اب جناب سپیکر، جب یہ عہدہ گزشتہ ایک سال سے زیادہ عرصہ سے خالی پڑا آ رہا ہے تو ہمیں کیا ہو رہا ہے جناب سپیکر؟ اب میں آپکی توجہ رول 86 کی طرف دلانا چاہتا ہوں، Sorry Sir, 116, 'Nomination of Committee on Petitions'. "A Committee on Petitions shall be constituted at the commencement of each session," جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں نہیں، توجہ ہے۔

<u>Mr. Abdul Akbar Khan:</u> "A Committee on petitions shall be constituted at the commencement of each session of the Assembly and shall consist of the Deputy Speaker, who shall be Chairman," جناب سپیکر! ایک یہ تو آپ پر بار ہے کہ جب بھی اسمبلی سیشن شروع ہوگا، اسی میں آپ دیگر بزنس کے علاوہ یہ بزنس پہلے لیں گے کہ آپ ایک پٹیشن کمیٹی کو فارم کریں گے

جس کا چیئر مین ڈپٹی سپیکر ہو گا۔اب جتنے بھی سیشنز ہوئے ہیں اور یہ سیشن جو شروع ہے،اسمیں آپ نے پٹیشن کمیٹی کو اناؤنس نہیں کیاہے کیونکہ آپکے ڈپٹی سپیکر کی پوسٹ Vacant ہے تو اب ہم ممبرز پٹیشن کیلئے کہاں جائیں گے جب کہ وہ کمیٹی نہیں ہے؟ دوسری جناب سپیکر، آپ پینل آف چیئر مین کا Announcement کر دیں تو پینل آف چیئر مین سے،اگر سپیکر نہ ہو تو پھر ڈپٹی سپیکر Preside کرے گا اور اگر ڈپٹی سپیکر نہ ہو تو پھر پینل آف چیئر مین میں سے کوئی بھی جو پہلے نمبر پر ہو گا، وہ Preside کرے گا لیکن جب ڈپٹی سپیکر نہ ہو تو پینل آف چیئر مین کیسے آ سکتا ہے؟ وہ بھی آپ کی Announcement اس لحاظ سے غلط ہے کہ پینل آف چیئر مین کا جو ممبر ہے تو جب تک ڈپٹی سپیکر نہیں ہو گا تو وہ نہیں آ سکتا۔ دوسری جناب سپیکر، آپ نے خود دیکھا ہے کہ جب یہ اسمبلی فارم ہوتی ہے تو چیف منسٹر، لیڈر آف دی ہاؤس ہوتا ہے لیکن چیف منسٹر کا الیکشن اس وقت تک نہیں ہوتا کہ جب تک یہ اسمبلی Complete نہیں ہوتی۔ سپیکر کا الیکشن پہلے ہوتا ہے، پھر سپیکر، ڈپٹی سپیکر کا الیکشن Announce کرتا ہے اور پھر ڈپٹی سپیکر سے سپیکر خود اوتھ لیتا ہے اور جب یہ ہاؤس Complete ہوتا ہے، اس وقت درمیان میں کوئی بزنس اسمبلی نہیں کر سکتی یہاں تک کہ چیف منسٹر کو بھی Elect نہیں کر سکتی، اس کی Ascertainment بھی نہیں ہو سکتی جناب سپیکر لیکن جب یہ اسمبلی مکمل ہوتی ہے تو اس کے بعد لیڈر آف دی ہاؤس کا انتخاب ہوتا ہے، پھر اور وزیر ہوتے ہیں یا جو بھی ہوتے ہیں۔اسلئے جناب سپیکر، اس کی اتنی اہمیت ہے کہ آپ اسکو ایک سیکنڈ کیلئے بھی خالی نہیں چھوڑ سکتے۔ دیکھیں جناب سپیکر، یہ Trichotomy بھی ہے، یہ Triangle ہے، اس میں Legislator, Exective and Judiciary شامل ہیں۔اب ان تینوں میں چیف جسٹس کے ساتھ ڈپٹی چیف جسٹس کا نام نہیں ہو گا، جو Judiciary head ہے، جو جوڈیشری کی برانچ ہے، جو Angle ہے، , Constitutional Triangle کا Angle ہے، اس میں Judiciary میں ڈپٹی چیف جسٹس نہیں ہوتا۔اسی طرح ایگزیکٹیو میں ڈپٹی چیف منسٹر نہیں ہوتا، ڈپٹی پرائم منسٹر نہیں ہوتا، ڈپٹی گورنر نہیں ہوتا، ڈپٹی پریذیڈنٹ نہیں ہوتا لیکن واحد یہ ایک Institution ہے کہ جس میں سپیکر کے ساتھ ڈپٹی سپیکر ہوتا ہے، وہ اسلئے ہوتا ہے کہ وہاں 'ایکٹنگ' ہوتے ہیں، یہاں پر ڈپٹی ہوتا ہے۔وہ کسی کو بھی ایکٹنگ بنا سکتا ہے لیکن یہاں پر ڈپٹی کے علاوہ کوئی اور شخص جسے ہاؤس Elect نہ

کرے،ڈپٹی سپیکر نہیں ہو سکتا جناب سپیکر، اور یہ Continuity کیلئے ڈالا گیا ہے کہ اگر کل کو یہ اسمبلیاں ٹوٹ جاتی ہیں تو پرائم منسٹر Continue نہیں کرتا، چیف منسٹر Continue نہیں کرتا لیکن سپیکر Continue کرتا ہے اور اسوقت تک Continue کرتا ہے جب تک نیا سپیکر اس ہاؤس میں نہیں آتا اور یہ Outgoing سپیکر اس سے Oath نہیں لیتا اور اسلئے جو Constitution کے بنانے والے ہیں انہوں جناب سپیکر، اس پوسٹ کو ایک سیکنڈ کیلئے، آپ چلے جاتے ہیں Tour پر، نوٹیفکیشن سیکرٹریٹ ایشو کرتا ہے کہ The moment you go out The Deputy Speaker will be acting as Speaker or he will perfrom his duty as Speaker. میں جانتا ہوں جناب سپیکر، کہ اس اسمبلی کی ستر سالہ تاریخ جو 1937 سے شروع ہوئی اور یہ 2007 ہے، 1937 میں 1935 ایکٹ کے تحت جب یہ اسمبلیاں بنیں، ستر سال کی تاریخ میں آپ مجھے ایک دن کیلئے بتادیں، ایک دن کیلئے، ایک دن تو میں نہیں کہہ سکتا ہو سکتا ہے کہ ڈپٹی سپیکر Resign کر گئے ہوں یا الیکشن ہو گئے ہوں، ایک مہینے کیلئے بھی آپ نہیں بتا سکتے، ایک مہینے کیلئے، اب یہ ایک ریکارڈ ہے اور کل جب آنے والا مورخ جب اس اسمبلی کی تاریخ لکھے گا، تو وہ لکھے گا کہ یہ وہ اسمبلی ہے کہ جو پندرہ سال تک ایک آئینی عہدہ کو پر نہ کر سکی۔ یہ ایک آئینی عہدہ کو پر نہ کر سکی جناب سپیکر۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: پندرہ مہینے ہیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: پندرہ مہینے میں ایک آئینی عہدہ کو پر نہ کر سکی۔ جناب سپیکر! میں آپ سے رولنگ مانگتا ہوں اور اس کے ساتھ کہ آپ شیڈول کا اعلان کر دیں۔ جناب سپیکر! آپ شیڈول کا اعلان کر دیں کہ کل یا پرسوں ڈپٹی سپیکر کا الیکشن ہو گا تاکہ ہم اپوزیشن میں سے کوئی اپنا نمائندہ Nominate کریں اپنے آدمی کو تاکہ وہ الیکشن لڑے۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

<u>سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات)</u>: جناب سپیکر! جیسا کہ کل جب آپ نے اس کا اغاز کیا، تو یہ ہاؤس کی اس سے پہلے روایت بھی رہی ہے اور آپ نے یہ شروع ہونے سے پہلے یہ اعلان کیا کہ اس بجٹ سیشن کے دوران کوئی ایڈ جرنمنٹ موشن، کوئی پوائنٹ آف آرڈر اور کوئی کال اٹینشن نوٹسز پیش نہیں کئے جائینگے، تو میری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیکھیے منسٹر صاحب، آپ Constitution کو دیکھیں، رولز کو دیکھیں، انہوں نے ایک آئینی نکتہ اٹھایا ہے، اس نے قانونی نکتہ اٹھایا ہے اور اس کو اس تناظر میں دیکھنا ہے۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر جو ہے، یہ عام پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے، اس پہ Debate ہونی چاہیے اور اس پر ہم حکومت کا موقف جاننا چاہیں گے۔ (تالیاں)

وزیر بلدیات: بالکل جناب سپیکر، ہم اس پہ Debate کرنے کیلئے تیار ہیں۔ بجٹ سیشن کے بعد ہم اس پہ Debate کریں گے اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ہاؤس آرڈر میں نہیں ہے تو آپ بجٹ سیشن میں کیسے بات کریں گے؟

محترمہ رفعت اکبر سواتی: ہاؤس آرڈر میں نہیں ہے تو بجٹ سیشن کیسے ہو سکتا ہے؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! جب ہاؤس ان آرڈر نہیں ہے تو آپ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ بجٹ سیشن کے بعد بات کریں گے؟

Minister for Local Government: No business can be conducted during the Budget Session…………..

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! منسٹر صاحب کو یہ بتائیں کہ یہ بجٹ سیشن ہے اور اس میں آئینی اور قانونی باتیں سب سے سپریم ہیں۔ بجٹ جو ہے، وہ کسی آئین کے تحت پیش ہوتا ہے، بجٹ کسی رولز کے تحت پیش ہوتا ہے۔ وہ رولز اور آئین کے بات کر رہے ہیں، رولز اور آئین کے تحت یہ بجٹ سیشن legally اور قانونی طور پر مکمل نہیں ہے۔ (قطع کلامیاں)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سردار ادریس صاحب آپ کی کرسی کو چیلنج کر رہے ہیں۔۔۔۔

(قطع کلامیاں/شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! ابھی تو اسکو چیلنج کر دیا گیا ہے تو جب تک ہاؤس ان آرڈر نہیں ہو گا تو بات کیسے ہو گی، بجٹ سیشن کہاں سے آیا؟

Minister for Local Goernment: Janab Speaker, we have deferred to take it after Budget Session اور آپ اس پر رولنگ دے دیں۔ بجٹ سیشن کے بعد اسکو کرلیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر! ہاؤس ان آرڈر ہی نہیں ہے تو کیسے آپ اسکو بجٹ سیشن کے بعد کر سکتے ہیں۔ جب ہاؤس ان آرڈر ہی نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی شہزادہ گستاسپ صاحب۔ باقی بیٹھ جائیں۔

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان(قائد حزب اختلاف)</u>: سپیکر سر! یہ منسٹر صاحب جو موقف آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں، اس سے ہمیں اتفاق نہیں ہے۔ میں یہاں پہ یہ عرض کروں گا کہ ایک نکتہ اٹھایا ہے عبدالاکبر خان صاحب نے جو کہ پوری Constitution کو چیلنج کرتا ہے کہ اس ہاؤس کی کاروائی Invalid ہے اور ہم یہ نہیں کہتے کہ خدا نخواستہ یہ Invalid رہے گی، ہم اس پہ بحث کرنا چاہتے ہیں، ہم اس پہ بات کرنا چاہتے ہیں۔ منسٹر صاحب اپنا موقف پیش کریں، اگر یہ درست ہے، وہ Establish کرلیں تو ہم مان جائیں گے لیکن اگر یہ Establish نہیں ہو سکتا، یہ تو اب ہم گورنمنٹ کو Assist کر رہے ہیں کہ کارروائی اگر غلط ہو رہی ہے تو وہ اس کی تصحیح کریں، اسے درست کریں اور اگر ٹھیک ہے تو ہم اس سے اتفاق کریں گے۔ تو اس میں کوئی جذباتی ہونے کی بات نہیں ہے۔ جب تک یہ Establish نہیں ہو جاتا کہ یہ کارروائی درست ہے تو تب تک میں سمجھتا ہوں سر، کہ اس میں حصہ لینا بھی ہمارے لئے ایک غیر قانونی بات ہوگی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>وزیر بلدیات</u>: سر! یہاں پر سپیکر صاحب جو اس ہاؤس کے کسٹوڈین بھی ہیں، یہاں پہ آپ جو بات کرتے ہیں، ہم اس کو یہ سمجھتے ہیں کہ وہ بات فائنل اور آخری آپ کی بات ہوتی ہے۔ کل آپ نے بجٹ سیشن شروع ہونے سے پہلے یہ کہا تھا کہ یہ چونکہ اس کی روایت رہی ہے کہ یہاں پہ کوئی دوسرا بزنس Conduct نہیں ہو سکتا اور آپ نے یہ کہا تھا کہ کوئی بھی ممبر کال اٹینشن نوٹس، پریویلج یا کوئی دوسری چیز نہیں اٹھا سکتا، میں سمجھتا ہوں کہ ہم اس پہ چلنے کیلئے تیار ہیں اور جسطرح سے عبدالاکبر خان نے یہ

بات جو کہی ہے، جو آئینی نکتہ اٹھایا ہے، اسکو بجٹ سیشن کے بعد We are ready to respond
------- all those questions

(شور)

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: کل اگر کوئی جا کر یہ آرڈر لے ہائی کورٹ سے کہ یہ غیر آئینی اور غیر قانونی بجٹ ہے تو اس کا کیا جواب ہے؟ ہم یہ چاہتے ہیں کہ حکومت Arguments کرے، ہم نے یہ جو Point of view بنایا ہے کہ یہ سیشن جو ہے، وہ قانونی طور پر اور رولز کے تحت نہیں ہے۔ ہم آپ سے رولنگ چاہتے ہیں کہ کیا یہ ہے؟ ہمیں تو کوئی اعتراض نہیں ہے۔ اگر آپ کہیں کہ نہیں ہے تو پھر اس کے بعد بیٹھ کر آئینی تقاضا پورا کریں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: آپ رولنگ دے دیں۔

<u>جناب بشیر آحمد بلور</u>: آپ کی رولنگ ہم چاہتے ہیں۔ ہم تو یہ نہیں چاہتے ہم، یا حکومت ہمیں Convince کردے کہ جو پوائنٹس ہم نے اٹھائے تھے، یہ غلط ہے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔

<u>وزیر بلدیات</u>: نہیں، ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم اس پر بحث کرنے کیلئے تیار ہیں۔ After budget --------------session

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: منسٹر صاحب فرما رہے ہیں کہ جب بجٹ پیش ہو جائے ہو ہم کوئی ایڈ جرنمنٹ موشن یا تحریک التوا نہیں لیتے۔ اس اجلاس کی قانونی حیثیت رولز کے تحت ثابت کرنا ہے کہ آیا اس کی قانونی حیثیت ہے کہ نہیں ہے؟ اس بات پر ہم آپ سے رولنگ چاہتے ہیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی سراج الحق صاحب، آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

<u>جناب سراج الحق</u>: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ قابل احترام سپیکر صاحب! معزز رکن اسمبلی، جناب عبدالاکبر خان نے نکتہ اٹھایا ہے اور آئین کے حوالے سے، رولز کے حوالے سے اور بزنس کے حوالے سے بات کی ہے، سچی بات یہ ہے کہ یہاں جتنے بھی قانونی مسائل پیدا ہوئے ہیں، ہم سب نے مل کر اس کا راستہ تلاش کیا ہے اور میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ بجٹ کے دوران بجٹ بحث کو چھوڑ کر کسی اور نکتہ پر بحث کرنا خلاف قانون ہو لیکن ایک اطمینان یہ ہوا کہ کم از کم ممکن ہے کہ ہمارے دوستوں کو بجٹ پر کامل یکسوئی ہے اسلئے انہوں نے اس بحث کے بجائے کوئی اور دروازہ کھولنے کی کوشش کی ہے۔

(تالیاں)   بھر حال میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو ٹائم ہے، ہم تو بڑی دلچسپی کے ساتھ، انہماک کے ساتھ، سنجیدگی کے ساتھ بحث پر ہمارے جو ذمہ داران ہیں، وہ نکتوں کو، اعتراضات کو، تنقیدات کو اور محاسبے کے مواد کو نوٹ کر رہے تھے اور اس امید کے ساتھ کہ ہم ان کی بات سن کر آخر میں ایک تسلی اور اطمینان کے ساتھ اس بحث کو آگے بڑھائیں گے لیکن بھر حال عبدالاکبر خان صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے، جس طرح انہوں نے کہا ہے کہ یہ قانون اور رولز کی بات ہے، سچی بات تو یہ ہے، جس طرح انہوں نے کہا کہ پندرہ مہینے گزر گئے اور یہ سیٹ خالی ہے تو اس کا مطلب یہ تھا کہ ایک Consensus کے ساتھ یا ایک اجتماعی خاموشی کے ساتھ، اتفاق رائے کے ساتھ یہ گاڑی آگے دوڑ رہی تھی۔ اب بھی جب انہوں اس چیز کو فلور پر لایا ہے تو ایک تجویز تو سردار ادریس صاحب نے پیش کی ہے کہ اس پہ بجٹ کے بعد بحث ہو سکتی ہے۔ ایک تجویز یہ بھی ہے کہ فی الوقت اس کو Pending کر کے بجٹ پر بحث کو آگے بڑھایا جائے اور جب آپ مناسب سمجھیں، کسی مناسب موقع پر، بجٹ کے دوران بھی ہو سکتا ہے، اس کے بعد بھی ہو سکتا ہے، اس پر ہم بحث کریں گے، اس پہ بات کریں گے اور پہلے بھی ہم نے ہمیشہ مل جل کر مسائل کو اور معاملات کو طے کیا ہے، اس کے بعد بھی ایسا ہو سکتا ہے۔ میری صرف ایک سادہ اور احترام اور وقار کے ساتھ درخواست ہے کہ اگر اسکو عارضی طور پر Pending کر کے کسی اور مرحلے پر ہم اس پر بحث کر لیں تو میرے خیال میں یہ اس ہاؤس کیلئے، اس اسمبلی کیلئے، ممبران کیلئے بہتر اور مناسب ہو گا، باقی ہم بحث سے کسی کو منع بھی نہیں کرتے۔ آپ نے ہمیشہ سب کو اجازت دی ہے اور سپیکر صاحب ہی کی اجازت سے انہوں نے ایک پوائنٹ آف آرڈر پہ بات کی ہے جو کہ ان کا حق ہے، ان کا استحقاق ہے لیکن ہم بھی یہی عرض کرنا چاہتے ہیں آپ کی اجازت سے کہ اگر اس کو وقتی طور پینڈنگ کر کے ابھی اس موضوع پر بحث کی جائے اور جب مناسب سمجھا، بے شک ان کے ساتھ ہم مل کر ٹائم طے کریں گے، ہم مناسب موقع پر اس پر بحث کریں گے اور اگر بحث کے دوران ہم کسی اتفاق رائے تک پہنچ سکتے ہیں تو انشاء اللہ اس کے مطابق عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔

<u>جناب عبد الاکبر خان</u>: جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ رول 225 کی طرف دلانا چاہتا ہوں، "Points of order and decision thereon.- (1) A point of order

shall relate to the interpretation or enforcement of these rules or such Articles of the Constitution as regulate the business of the Assembly and shall confine to a question which is within the cognizance of the Speaker. (2) Subject to sub-rule (1), any Member may, at any time, submit a point of order for the decision of the Speaker". میرا مطلب یہ ہے سر، کہ میں نے تو کچھ Speech نہیں کی، میں نے تو صرف ایک پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے جو آپ کی Cognizance میں ہے، آپ اس پہ Decision دے سکتے ہیں، آپ کی پاؤر میں ہے۔ میں نے تو رولز کے مطابق یہ پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے، اب آپ کی مرضی ہے کہ اس کو Dismiss کرتے ہیں، اس کو Accept کرتے ہیں، اس پر جس طرح Decision دیتے ہیں، ہم نے پہلے جس طرح چیئر کے Decision کو مانا ہے پھر بھی ہم چیئر کے Decision کو مانیں گے لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ یہ جو کارروائی ہے، کہ جب تک آپ کا Decision نہیں آتا، یہ کارروائی Invalid ہے، یہ Irregular ہے، یہ ہاؤس مکمل نہیں ہے۔ جب تک ہاؤس مکمل نہ ہو تو Proceeding نہیں ہو سکتی، جناب سپیکر۔

<u>جناب سراج الحق</u>: جناب سپیکر صاحب! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ عبدالاکبر صاحب نے جو بات کی ہے اور وہ آپ سے رولنگ مانگتے ہیں۔ یقیناً رولنگ دینا آپ کا حق ہے، آپ آج بھی دے سکتے ہیں، کل بھی دے سکتے ہیں، تین دن بعد بھی دے سکتے ہیں۔ اس وقت ان کے حق میں یا ہمارے حق میں رولنگ دے کر ہم آپ کو بھی آزمائش میں نہیں ڈالنا چاہتے، ہم صرف اتنا کہتے ہیں کہ یہ بھی آپ کا حق ہے کہ آپ کسی مسئلے کو پینڈنگ کر کے کسی مناسب موقع پر بحث کی اجازت دے سکتے ہیں اور یہ رولز نے، آئین نے اور بزنس رولز نے آپ کو حق دیا ہے، اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ اس اسمبلی اور اس ایوان کو اس سمت چلایا جائے جس مقصد کیلئے آپ لوگوں نے ایجنڈے کے مطابق اجلاس بلایا ہے۔ باقی اس پر بحث سے تو ہم انکار نہیں کرتے البتہ اتنی درخواست کرتے ہیں عبدالاکبر خان صاحب سے بھی اور پورے ہاؤس سے بھی آپ کے توسط اور آپ کے ذریعے سے کہ کسی مناسب موقع پر اس کو اٹھالیں اور فی الحال اس کو پینڈنگ کر لیں اور اس پر اپنی رولنگ کو محفوظ کرنا، کسی مناسب موقع پر اس کا اظہار کرنا، یہ آپ کا حق ہے اور قانون اور آئین اور رولز آف بزنس نے آپ کو حق دیا ہے، سر۔

جناب سپیکر: جی، شہزادہ گستاسپ خان!

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں سراج الحق صاحب کی، ہم نے ہمیشہ Consensus سے ہاؤس کو چلایا ہے، اتفاق رائے سے ہم آگے چلے ہیں، ہم نے کبھی بھی کسی بات میں کوئی ایسی بات پیدا نہیں کی کہ جو ہمیں انتشار کی طرف لے کر جائے۔ اب ایک لیگل پوائنٹ آیا ہے کہ جس کا اختیار آپ کو حاصل ہے، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آئین کو، قانون کو ایک سائڈ پہ رکھ کر، پینڈنگ چھوڑ کر جس طرح ان کی تجویز ہے کہ ہم ایک کارروائی چلائیں اور ساری کارروائی کے بعد آپ کی رولنگ آجاتی ہے کہ یہ سارا کچھ Invalid ہے، ہاؤس In order نہیں ہے یا آپ کا ہاؤس Complete ہی نہیں ہے تو اس بجٹ کی اس میں کیا پوزیشن ہوگی؟ تو اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم قانون کو بالائے طاق رکھ کر اپنی مرضی سے ایک کارروائی چلائیں تو وہ ٹھیک ہوگی، تو ہمیں اس پہ بھی اعتراض نہیں ہے لیکن میں یہ چاہتا ہوں سر، ان کیلئے بھی یہ بہتر ہے، اب ایک پوائنٹ آف آرڈر سامنے آگیا ہے، ایک نکتہ اٹھایا گیا ہے اس کی Validity پہ تو اس کو آپ آج کیلئے، اگر یہ چاہتے ہیں، میں تو سمجھتا ہوں کہ کارروائی آگے بڑھانا، اگر وہ قانون کے مطابق نہیں ہے تو یہ بھی ٹھیک بات نہیں ہے کیونکہ آپ کا آرڈر کسی وقت آجائے گا، آج آئے گا یا کل آئے گا، جس وقت بھی آئے گا تو آپ اس کو پینڈنگ چھوڑ کر ایک ٹی بریک کر لیں، اس پر Discussion کر کے تو پھر بات ہو سکتی ہے۔

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! جس طرح انہوں نے یہ رولز آف بزنس کی بات کی ہے، اس میں یہ روایت رہی ہے کہ اس طرح کے معاملات میں سپیکر صاحب نے رولنگ کو ریزرو کیا ہے اور اس پہ Decision انہوں نے بعد میں دیا ہے اور یہ جو پوائنٹ آف آرڈر ہے، اس پہ آپ اس کو ریزرو کر سکتے ہیں اور اس پہ Decision بعد میں دے سکتے ہیں۔ اس طرح کی روایت رہی ہے اور آپ نے اکثر و بیشتر اس طرح سے کیا بھی ہے اور جیسا کہ آپ کو یاد ہوگا کہ جو پہلی ہماری اسمبلی یعنی جو ہمارا First day تھا، اس دن سپیکر، چمکنی صاحب، اللہ ان کو جنت نصیب کرے، وہ یہاں پہ بیٹھے ہوئے تھے، یہاں پہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر ہوا تھا تو اس کو انہوں نے ریزرو کیا تھا۔ اسی طرح سے نیشنل اسمبلی کے اندر بھی دو تین دفعہ بیٹھا ہوا تھا اور مختلف اخبارات میں بھی آپ نے دیکھا ہوگا، سپیکر صاحب نے بہت سے پوائنٹ آف آرڈر کو، اس وقت Decision نہیں دیا، Reserve کیا اور بعد

میں اٹھا کر رکھا تو یہ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا حق ہے اور اس کو پورا ہاؤس بھی تسلیم کرے گا۔ دوسری بات یہ ہے جناب سپیکر، کہ یہ جو Constitutional Article 53 کا انہوں نے حوالہ دیا ہے، میں اس کو دوبارہ ذرا پڑھوں گا کہ اس کے اندر یہ نہیں لکھا ہوا ہے کہ اس کے اندر ٹائم کی قدغن نہیں ہے۔ جناب سپیکر! اس میں یہ ہے کہ "A Speaker and a Deputy Speaker" میں Constitution کی بات کرتا ہوں، رولز تو، سپیکر صاحب کو رولز کے بارے میں اختیار ہے، میں Constitution کی بات کرتا ہوں کہ "A Speaker and a Deputy Speaker and, so often as the office of Speaker or Deputy Speaker becomes vacant, the Assembly shall elect another member as a Speaker" اس میں یہ نہیں لکھا ہوا ہے کہ اسی سیشن کے اندر، Next سیشن کے اندر، ایک سال کے اندر یا دو سال کے اندر۔ جناب سپیکر! یہ Constitution کے اندر اس میں رعایت موجود ہے اور جہاں تک رولز کی بات ہے تو جو سپیکر صاحب کے Words ہیں، وہی رولز ہیں اور یہ جو اس کا سلسلہ ہے، اس کو آپ ریزرو کر سکتے ہیں، جناب سپیکر۔

